## سوال

(74) سجدہ تلاوت اور رفع الیدین

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا سجدہ تلاوت سے پہلے رفع الیدین کرنا چاہیے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

شریعتِ اسلامی میں سجدہ تلاوت سے پہلے رفع الیدین کا کوئی ثبوت نہیں۔ بعض علماء نے سجدہ تلاوت سے پہلے کی جانے والی تکبیر کو تکبیر تحریمہ کے قائم مقام قرار دے کر اس موقع پر رفع الیدین کرنے کا موقف اختیار کیا ہے مگر یہ درست نہیں، کیونکہ اگر سجدہ تلاوت کو نماز کے سجدہ پر بھی قیاس کیا جائے تو بھی سجدہ تلاوت سے پہلے رفع الیدین نہیں کرنی چاہیے۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سجدوں میں رفع الیدین نہیں کرتے تھے۔ (بخاری: 738)

هذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ افکارِ اسلامی

## قرآن اور تفسیر القرآن، صفحہ: 212

### محدث فتویٰ